23-06-26

12.30 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے

خبروں کا بُلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت ایک تیزی سے ابھرتی ہوئی اور قابل بھروسہ معیشت بنی ہے اور یہ ایک قابل بھروسہ عالمی پاور کے طور پر بھی ابھر رہا ہے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے 12 برسوں کے دوران کئی اسکیمیں ملک کی مجموعی ترقی کے لئے شروع کی گئی ہیں۔

ورکشاپ

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں آج پنچایتی راج کی مرکزی وزارت کی طرف سے

سیوا سے سمردھی" موضوع کے تحت ایک علاقائی ورکشاپ کا انعقادکیا گیا۔ ورکشاپ کا افتتاح لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا "© نے کیا۔ تقریب پر دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس میں شر کت کررہے ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ڈاکٹر شاما پرساد مکھرجی کو اُنکی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ جدید بھارت کے معمار ڈاکٹر مکھرجی نے اپنی پوری زندگی رواداری کو فروغ دینے کیلئے وقف کی۔ اُنہوں نے کہا کہ آنجہانی کی غیر معمولی خدمات نئی نسل کو تحریک بخشتی رہینگی۔

پدمِ ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام راشٹر پتی بھون نئی دِلی میں ایک تقریب پر 65شخصیات کو پدمِ ایوارڈ سے نوازے گی۔ ان میں دو پدمِ وبھوشن ، سات پدمِ بھوشن اور 56پدمِ شری ایوارڈ شامل ہیں۔ ایوارڈ پانے والوں میں معروف ٹینس کھلاڑی وِجے امرت راج، پلے بیک سنگر الکایاگنِک اور کرکٹ کھلاڑی روہت شرما بھی شامل ہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس برس کل 131 شخصیات کو پدمِ ایوارڈ سے نوازا گیا۔

محرم

آج محرم الحرام کی 7 تاریخ ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی بھر کے امام بارگاہوں ، مساجد اور خانقاہوں میں حسینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے ۔ کئی علاقوں میں عزاداری کے جلوس بھی بر آمد کئے جا رہے ہیں ۔ حسینی مجالس میں عقیدت مند مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کر کے امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔

---نوحہ----

حج

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کی ایک اطلاع کے مطابق حج 2027 کے لئے خواہشمند عازمین اگلے مہینے کی بیس تاریخ تک آن لائن فارم جمع کر سکتے ہیں ۔یہ فارم www.hajjcommittee.gov.in پر دستیاب ہیں ۔

اسی دوران اقلیتی امور کے وزیر کرن رججو نے کل حج پالیسی 2027 کا اعلان کیا ۔

ایڈوائزری

شری امرناتھ جی یاترا کی شروعات کے مدِ نظر جموں کشمیر پولیس نے ایک جامع ٹریفک اور ٹراول ایڈوائزری جاری کی ہے۔ شردھالوں سے اس ایڈوائزری پر سختی کے ساتھ عمل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ ایڈوائزری کے مطابق یاترا کے دوران نویُگ ٹنل سے عام ٹریفک کومخصوص اوقات پر گزرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ سرینگر سے جموں جانے والی گاڑیوں کو صبح ساڑھے گیارہ بجے سے پہلے نو یُگ ٹنل کراس کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جب کہ جموں سے سرینگر کی طرف آنے والی گاڑیوں کو سہ پہر 3بجے کے بعد اس ٹنل سے گزرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

انتقال

سُہیل احمد بٹ کے والدِ نسبتی شیخ عبدالمجید اب سے کچھ دیر پہلے انتقال Editorial Executive آکاشوانی نیوز سرینگر کے کر گئے۔ شعبہ خبر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ اور دیگر عملے نے سہیل بٹ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کیلئے دعا کی ہے۔

ایوارڈ

مکانات و شہری ترقی محکمے نے ڈیجٹل گورننس کے شعبے میں کامیابی کے سنگِ میل طے کئے ہیں جس کے عوض Automated Building ایوارڈس کے گولڈ اور سلورمیڈل سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ محکمے کو SKOCH محکمے کو اور جے اینڈ کے گتی شکتی پروجیکٹوں کو کامیابی کے ساتھ عملانے کیلئے دیا گیا ہے۔Permission System

استعفیٰ

نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی Geroge Kurian اقلیتی امور کے مرکزی وزیر مملکت کے پاس فشریز، انیمل ہسبنڈری اور ڈائرینگ کی وزارتوں کے قلمدان George Kurian مرمو نے اُنکااستعفیٰ منظور کیا ہے ۔ بھی تھے۔

امت شاہ

داخلہ اور امداد باہمی محکمے کے وزیر امت شاہ آج نئی دِلی میں بھارت کی قومی زرعی امدادِ باہمی مارکیٹنگ فیڈریشن کے نیلامی پورٹل کا آغاز کر رہے ہے۔ NAFED

کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کے ارکان کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت بھی کریں گے۔NAFED بعد میں امت شاہ

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بُلیٹن ختم ہوا

خدا حافظ